سوال

(293) نمازِ مغرب کے بعد نمازِ عشاء کا وقت کب شروع ہوتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نمازِ عشاء کا وقت نمازِ مغرب کے بعد کب شروع ہوتا ہے؟ یعنی اندازًا کتنے گھنٹے یا منٹ بعد؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نمازِ عشاء کا وقت غروبِ شمس کے قریباً ڈیڑھ گھنٹہ بعد شروع ہوجاتا ہے۔ حدیث میں ہے:

'وَقتُ المَغرِبِ مَالَم یَغِبِ الشَّفَقُ' صحیح مسلم، بابُ أَوقَاتِ الصَّلَوَاتِ الخَمسِ، رقم: ٦١٢

یعنی جب تک شفق (سرخی) غائب نہ ہو مغرب کا وقت ہے۔

(شفق کے غروب ہونے پر عشاء کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 288

محدث فتویٰ